Phone call between Prime Minister and H.E. Benjamin Netanyahu, Prime Minister of Israel

June 10, 2020

وزیر اعظم نریندر مودی اور اسرائیل کے وزیر اعظم عالی جناب بنیامین نیتن یاہو کے مابین فون پر بات چیت

10 جون، 2020

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اسرائیل کے وزیر اعظم عالی جناب بنیامین نیتن یاہو کے ساتھ فون پر بات چیت کی۔

انہوں نے وزیر اعظم نیتن یاہو کے حالیہ عہدہ سنبھالنے پر دلی مبارکباد کا اعادہ کیا، اور اس اعتماد کا اظہار کیا کہ وزیر اعظم نیتن یاہو کی قیادت اور رہنمائی میں ہندوستان - اسرائیل کی شراکت داری بڑھتی رہے گی۔

رہنماؤں نے ان ممکنہ شعبوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا جن میں ہندوستان اور اسرائیل کووڈ 19 وبائی مرض کے تناظر میں اپنے تعاون کو مزید بڑھا سکتے ہیں، جس میں ویکسین، علاج اور تشخیص کے شعبوں میں تحقیق اور ترقیاتی کوشش شامل ہیں۔ انہوں نے دونوں ممالک کی ماہر ٹیموں کے مابین جاری تبادلے کو برقرار رکھنے پر اتفاق کیا، اور اس بات پر بھی اتفاق کیا کہ اس طرح کے تعاون کا ثمرہ پوری انسانیت کے وسیع تر فائدے کے لئے دستیاب بنایا جانا چاہئے۔

رہنماؤں نے دوطرفہ ایجنڈے کے دیگر اہم موضوعات کا جائزہ لیا، اور اس بات پر اتفاق کیا کہ کووڈ کے بعد کی دنیا بہت ساری شعبوں میں باہمی فائدہ مند شراکت کے لئے مزید راہیں تیار کرے گی۔ انہوں نے خاص طور پر ہیلتھ ٹیکنالوجی، زرعی جدت طرازی، دفاعی تعاون اور انفارمیشن ٹکنالوجی جیسے شعبوں میں پہلے ہی مضبوط ہندوستان - اسرائیل کے تعاون کو بڑھانے کے لئے زبردست دائرہ کار کا اندازہ لگایا۔

دونوں رہنماؤں نے بدلتے ہوئے عالمی منظرنامے میں ابھرتے ہوئے مواقع اور چیلنجوں کے بارے میں رائے شیئر کرنے اور ایک دوسرے سے مشاورت کے لئے باقاعدہ رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی

10 جون، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.